عمومی ہدایات برائے اساتذۂ کرام

- تدریسِ قرآنِ مجید کا مقصد طلبہ کی کردار سازی ہونا چاہیے۔
- طلبہ کو قرآنِ مجید عام فہم انداز میں پڑھایا جائے۔
- تَرْجَمَةُ الْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ کی تدریس کے دوران عربی متن کی درست ادائی کا خیال رکھا جائے۔
- باوضو ہو کر تدریس کا اہتمام کیا جائے۔
- طلبہ کو قرآنِ مجید کے آداب سے آگاہ کیا جائے۔
- تَرْجَمَةُ الْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ کے نصاب میں شامل سورتوں کے تعارف اور بنیادی مضامین پر خصوصی توجہ دی جائے۔
- نصاب میں شامل سورتوں میں موجود قرآنی دُعاؤں کی ترجمہ کے ساتھ تدریس کا خصوصی اہتمام کیا جائے اور جائزے کے لیے مختص آیات پر خصوصی توجہ دی جائے۔
- کوئز پروگرام، آن لائن ایپ اور سمعی و بصری معاونات سے استفادہ کرتے ہوئے تدریس کا اہتمام کیا جائے۔
- نصاب میں موجود سورتوں میں بنیادی عقائد، اوامر و نواہی اور معاشرتی احکام کو آسان طریقہ سے طلبہ کو سمجھایا جائے۔
- جماعت دہم کے لیے مقرّرہ حصّۂ قرآنِ مجید کی تمام سورتوں کا تعارف اور مرکزی مضامین پر مشتمل تفصیلی، مختصر اور کثیر الانتخابی سوالات کے ذریعے سے امتحان لیجیے۔
- جماعت دہم کے لیے مختص ذخیرۂ قرآنی الفاظ میں سے ہی ماڈل پیپرز کی طرز پر امتحان لیا جائے۔

NOT FOR SALE - PESRP

- نمبروں کی تقسیم سے متعلّق ہدایات کے لیے ماڈل پیپر سے استفادہ کریں۔
- درج ذیل آیاتِ مبارکہ کے بامحاورہ ترجمے کا امتحان لیا جائے:

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	151 تا 153
سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	157 تا 158
سُوْرَةُ النَّحْلِ	89 تا 90
سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ	23 تا 40
سُوْرَةُ الْكَهْفِ	01 تا 12
سُوْرَةُ الْكَهْفِ	110
سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ	1 تا 11
سُوْرَةُ الزُّمَرِ	7 تا 14
سُوْرَةُ الزُّمَرِ	53
سُوْرَةُ الشُّوْرٰی	23
سُوْرَةُ الشُّوْرٰی	37 تا 38

NOT FOR SALE - PESRP